UNIVERSAL LIBRARY

OU_222338

UNIVERSAL LIBRARY

OUP—43—30-1-71—5,000.

OSMANIA UNIVERSITY LIBRARY

Call No. [illegible] Accession No. U 1066

Author [illegible]

Title [illegible]

This book should be returned on or before the date last marked below.

یارب دلِ پاک و جانِ آگاہم دہ   آہِ شب و گریۂ سحرگاہم دہ
در راہِ خود اوّل زِ خودم بیخود کن   انگاہ ز بیخودی بہ خود راہم دہ

جامیؒ

جامِ طہور

رباعیات و قطعات کا مجموعہ

از

خواجہ عبدالسمیع پال آثر صہبائی ایم۔اے۔ایل ایل۔بی۔

ناشران

تاج کمپنی لمیٹڈ۔ ریلوے روڈ۔ لاہور

P. G. CHECKED 1963

انتساب

P. G.

میں اس جام کو اُن زندۂ جاوید انسانوں کے
نام پر نوش کرتا ہوں جن کی زندگیاں حق جوئی،
حق گوئی اور حق پرستی میں صرف ہوئیں۔ ع
مردے گردی چو گردِ مردے گردی!

صہبائی

OSMANIA UNIVERSITY LIBRARY HYDERABAD-7

OSMANIA UNIVERSITY
LIBRARY
HYDERABAD-7

اشارات

کسی تخلیقی کام کے ارتقائی مدارج کا مطالعہ اس کے معانی و مطالب کے سمجھنے میں بہت حد تک معاون ہوتا ہے۔ اس خیال کے پیشِ نظر مجھے ان اوراق میں "جامِ طہور" کے محرکات اور اپنے ذہنی اور روحانی انقلابات کا مختصر سا تذکرہ کرنا ہے۔

میں ابھی دس برس کا تھا کہ مجھے قافیہ پیمائی کا شوق پیدا ہوا۔ بارہ تیرہ برس کی عمر تک میری شاعری کی حیثیت صرف تک بندی تک محدود تھی۔ چودہ برس کی عمر میں شاعری کی الہامی کیفیت محسوس ہونے لگی۔ انہیں ایّام میں مجھے غالبؔ اور اقبال کے کلام سے لگاؤ پیدا ہوا۔ جو آج تک برابر ترقی کرتا رہا ہے۔ انّیس برس کی عمر تک غزل اور نظم کی مشق جاری رہی۔ رباعی گوئی کا آغاز بیس برس کی عمر میں ہوا۔ اور اس کا محرک حضرت خیّام کی رباعیات کا مطالعہ تھا۔ خیّام کی رباعیات کا مطالعہ میری رباعیات پر خصوصاً اور میری شاعری پر عموماً بہت حد تک اثر انداز ہوا۔ انگریزی ادبیات اور مغربی فلسفہ کا مطالعہ میرے بہت سے تصورات میں انقلاب پیدا کر چکا تھا۔ مذہب، خُدا، خیر و شر اور دیگر اسی قسم کے مسائل کے متعلق میرے خیالات میں بہت تبدیلی پیدا ہو چکی تھی۔ یعنی وہ مذہبی تصورات جو مجھے وراثت میں ملے تھے بالکل برباد ہو چکے تھے۔ پھر آغازِ شباب تھا۔ مادی خوشبوؤں میں عجیب و غریب سحر محسوس ہوتا تھا، دنیا رنگ و بو کا ایک پیکر تھی۔ تمام گرد و پیش حُسن و جمال کی موجوں میں ہلکورے لے رہا تھا۔ روح ایک گہری نیند سو رہی تھی۔ ایسے میں خیام کا فلسفۂ حیات جلتی آگ پہ تیل کا کام کر رہا تھا۔ خیّام

ایک بالغ نظر حکیم اور قادر الکلام شاعر ہے۔ اس لئے اس کا استدلال جو فلسفیانہ نکتہ سنجی اور شاعرانہ جوش و لطافت سے بھرپور ہے دل اور دماغ دونوں کے لئے بے پناہ ہے۔ دنیا کی بے ثباتی، انقلاب پیہم مستقبل کا گھٹ ٹوپ اندھیرا، تقدیر اور خدا کی پر اسرار کارفرمائیاں خیام کو اس نتیجہ پر پہنچاتی ہیں:-

ساقی بہ بہشت ایں ہمہ مشتاقی چیست!
جنت مے و ساقی بود و باقی چیست!
ایں جاست مے و ساقی و آنجاست ہمیں
پس در دو جہاں بہ از مے و ساقی چیست!

گویند بہشت و حوض و کوثر باشد
وانجا مے ناب و شہد و شکر باشد
پر کن قدح بادہ و بر دستم نہ
نقدے ز ہزار نسیہ خوشتر باشد

خیام کے استدلال کی بنیادیں درست ہیں لیکن اس کے نتیجہ سے ہمیں اتفاق نہیں۔ یہ صحیح ہے کہ انقلابات و حوادث عالم کی یورش نہایت ہی سفاک ہے۔ انسان کی بے چارگی انتہائی طور پر درد انگیز ہے، عدم و وجود کے مسائل شکوک و شبہات کی تاریکیوں میں مستور ہیں۔ انسانی زندگی عارضی ہے اور موت اٹل، لیکن ان تمام حقائق کے باوجود ہمارے جسمانی، ذہنی اور روحانی آلام کا علاج تعیش کی زندگی نہیں ہے۔ بلکہ اس کا علاج تزکیۂ نفس ہے جس کو قرآنی اصطلاح میں "ذکر الٰہی" کہا گیا ہے

اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ !

عیش و عشرت زندگی کے آلام کا مداوا نہیں بلکہ یہ اقدامِ خودکشی ہے جو تمام بانیانِ مذاہب اور ہادیانِ عالم کی نگاہ میں قطعی طور پر مذموم ہے ۔

خیام کی مسرّت مادی مسرت ہے ، اس کی شراب وہی انگوری شراب ہے جو میخانوں میں فروخت ہوتی ہے ۔ اس کا ساقی وہی حسین و جمیل اور نازک اندام انسان ہے (خدا معلوم مرد یا عورت) جو میخانوں میں اربابِ ہوس کے لیئے عشوہ فروشی کرتا ہے ۔ اس کی مسرتیں مادی ہیں اور اسی لئے آلودہ ۔ خیام کی شاعری کے مطالعہ سے روح کی ملکوتی قوتیں بیدار نہیں ہوتیں بلکہ ان کی نیند اور بھی گہری ہوتی جاتی ہے ۔ اس میں کچھ شک نہیں کہ اس نے اپنے خیالات و جذبات کا اظہار نہایت بے باکی اور جرأت کے ساتھ کیا ہے ۔ حقائقِ عالم پر نہایت بصیرت افروز تنقید ہے مکر و فریب اور ریاکاری کا پردہ نہایت بے دردی سے چاک کر کے رکھ دیا ہے ۔ اس کی شاعری میں عبرت و موعظت کے دفتر پنہاں ہیں لیکن افسوس کہ وہ ان بلند مقامات تک نہ پہنچ سکا جہاں شاعر اور پیغمبر ہم رنگ نظر آتے ہیں ، زندگی کے آلام و مصائب ، تقدیر کی ستم ظریفیاں اور حیاتِ انسانی کی بے ثباتی اس کے خاص مضامین ہیں لیکن ان تمام مشکلات کا حل اس کو صرف جام و مینا میں نظر آیا " ساقیِ حور سرشت " اور " صنمِ لالہ رُخ " کو ہی اُس نے اپنا مشکل کشا قرار دیا ۔ خیام کا مقام ایک حق گو یا مُنہ پھٹ رند کا مقام ہے اور اس مکر و سالوس کی دنیا میں یہ بھی کچھ کم مقام نہیں ، غرض خیّام کے فلسفۂ حیات نے آغازِ شباب کے طوفانی جذبات کو اور بھی طوفانی بنا دیا جس کی رو میں گناہ و ثواب کا امتیاز ایک تنکے کی طرح بہ گیا اس دور کا رنگ ذیل کے اقتباسات سے ظاہر ہے :-

حوران بہشت کی تمنّا بے سود — ہنگام شباب زہد و تقویٰ بے سود
لبریز نشاط ہے گلستان بہار — یادِ غمِ دوش و فکرِ فردا بے سود

ہائے کیا شے ہے بادۂ گل ریز! — روح سرمست چشم مینا تیز!
مے ہر اک درد کی دوا ہے اثر — غم رُبا، جاں فزا، نشاط انگیز!

ہے زیرِ نقاب شادمانی آئی — کس رنگ میں مرگِ ناگہانی آئی
تاریکی و نور میں نہ کچھ فرق رہا — آندھی کی طرح اثر جوانی آئی

تاریکی اندوہ ہے باقی ساقی! — ہاں بادہ دلفروز ساقی ہاں ساقی!!
یہ رنگ یہ محفلیں رہیں یا نہ رہیں — ہے عہدِ شباب اتفاقی ساقی!

غرقاب سکوت ہوں کہ تقریر کروں — ممکن نہیں سرتابیٔ تقدیر کروں
تدبیر بھی کرنے پہ ہوں مجبور اثر — تقدیر میں لکھا ہے تدبیر کروں

کیا رنگِ بہار تیری تدبیر سے ہے — کیا بادِ سموم تیری تقصیر سے ہے!
اندیشۂ انجام میں کیوں گھلتا ہے؟ — تقدیر سے ہے تمام تقدیر سے ہے!!

انہیں ایام میں مجھے انگریزی ادیب آسکر وائلڈ کی چند تصانیف کے مطالعہ کا اتفاق ہوا اس کے اثرات بھی خیامی اثرات سے بہت ملتے جلتے تھے۔ یہ رنگ میری شاعری پر ایک مدت طاری رہا۔ چنانچہ جب ۱۹۲۸ء کے آغاز میں میری رباعیات کا مجموعہ "جامِ صہبائی" کے نام سے شائع ہوا تو اس کا معنوی انتساب حکیم

موصوف کے نام ایک مختصر اور عقیدت مندانہ نظم کے ذریعہ کیا گیا تھا۔

"جامِ صہبائی" کی اشاعت پر حضرت مولٰنا سید سلیمان ندوی مدظلہ نے میری حوصلہ افزائی فرماتے ہوئے مجھے مشورہ دیا کہ میں اپنی تمام توجہ رباعی کی طرف مبذول کر دوں۔ مولانا ممدوح کے اس مخلصانہ مشورہ کا نتیجہ یہ ہوا کہ بعد میں رباعیات، غزل اور نظم کی نسبت بہت زیادہ تعداد میں لکھی گئیں۔

اس کے بعد مجھے مغربی فلسفہ کا زیادہ عمیق مطالعہ کرنے کا موقعہ حاصل ہوا۔ اب مغربی فلسفہ کے ساتھ ساتھ ہندوستانی فلسفہ کا مطالعہ بھی جاری تھا۔ مغربی حکماء میں سے برگسان اور ہندوستانی حکماء میں سے مہاتما گوتم بدھ اور شنکراچاریہ کے خیالات نے مجھے بالکل مسحور کر دیا اور حق یہ ہے کہ مجھے اپنا فلسفۂ حیات مرتب کرنے میں ہندوستانی فلسفہ سے بہت زیادہ مدد ملی۔ شاعری کے بلند ترین مقامات کا احساس بھی مجھے ہندوستانی فلسفہ کے ذریعے ہوا۔ انسانی فطرت کے اسرار اور کمالات مجھ پر روشن ہو گئے اور مجھے اپنا نصب العین خود دریابی اور ضبطِ نفس میں واضح طور پر نظر آنے لگا۔ مادی خوشیوں کا طلسم بہت حد تک ٹوٹ گیا اور میری روح اپنے گہرے خواب سے بیدار ہو کر انگڑائیاں لینے لگی۔ اس دور کا رنگ ذیل کی رباعیات سے ظاہر ہوگا۔

نیرنگِ طلسم زندگی کو پایا ‌ ‌ ‌ آلودۂ غم ہر اک خوشی کو پایا
تسکین ہے اگر تو ذکرِ یزداں میں اثر ‌ ‌ ‌ سرچشمۂ بے خودی اسی کو پایا

اے غرقِ گناہ اے پشیمانِ حیات! ‌ ‌ ‌ ہے یاس سے چاک چاک دامانِ حیات!
جو کھول کے بختِ بد پہ روئے اے دل!! ‌ ‌ ‌ ہے گریۂ معصیت میں سامانِ حیات

اے کاش فروغِ نور ہوجائے دل — تاریک ہے برقِ طور ہوجائے دل!
یا حسنِ ازل کا آئینہ ہوجائے! — یا ٹوٹ کے چُور چُور ہوجائے دل!

ممتاز ہے شانِ ارجمندی میری — ہے رشکِ عرش سربلندی میری
سجدہ بھی کیا تو تیرے در پہ یارب! — نازاں ہے بہت نیازمندی میری

اے کاش ہر ایک آنکھ بینا ہوجائے! — ہر سینہ فروغِ برقِ سینا ہوجائے!
لذت کشِ جامِ عشق ہوجائے دل — بیگانۂ ذوقِ جام و مینا ہوجائے!

اگست ۱۹۲۷ئہ میں میری شادی ہوئی۔ اس واقعہ سے میرے فلسفیانہ نظریات میں کوئی خاص تبدیلی نہ ہوئی۔ البتہ شاعری میں رنگینی اور مستی پہلے کی نسبت بہت زیادہ ہوگئی۔ انسانی محبت کے پاکیزہ ترین جذبات سے روشناس ہوگیا۔ اس دور کی یادگار میری وہ جذباتی شاعری ہے جس میں مناظرِ فطرت کے معصوم جلوے جھلک رہے ہیں اور محبت عالمِ بیخودی میں سانس لے رہی ہے۔ اگرچہ اس واقعہ کا آغاز اتنا انقلاب انگیز نہ تھا لیکن اس کا انجام میری زندگی اور میری شاعری کا اہم ترین سانحہ بن گیا۔ "راحت" مرحومہ کی موت نے میری زندگی اور میری شاعری کا ایک نیا ورق اُلٹا اگر میری شاعری کے دو مختلف دور قائم کئے جائیں تو "راحت" کی موت ان کی حدِ فاصل ہوگی۔ مرحومہ کی موت سے دنیا کی بے ثباتی ہمیشہ کیلئے دل پر ثبت ہوگئی۔ قلب و جگر پاش پاش اور دماغی قوے معطل ہوگئے میرے سینے کے زخموں کا خون آنکھوں سے جاری ہوگیا۔ میں نے چاہا کہ اس کو موت کی تاریک دنیا سے کھینچکر دوبارہ زندہ کر دوں۔ آہ اس کے جسم کو زندہ کرنا میرے بس

کی بات نہ تھی اس۔ لئے میں نے اس کی یاد کو اپنے درد انگیز نغموں میں محفوظ کر لیا۔ ان ایام میں میر مغفور کے کلام کا اکثر مطالعہ رہتا تھا۔ چنانچہ راحت کدہ میں میر کے اثرات نمایاں ہیں۔ راحت کی وفات کی تاریخ ۱۳ مئی ۱۹۳۱ء ہے۔

امتداد زمانہ کے ساتھ جب رنج و غم کی شدت کچھ کم ہوئی تو عقل اور دماغ نے ہوش سنبھالا۔ یہی وہ دور ہے جس میں میں نے موت و حیات، فنا و بقا اور عدم و وجود کے مسائل پر فلسفیانہ انداز میں غور کیا۔ اگرچہ اب بھی "راحت" کی موت میرے تمام تخیلات و جذبات کی محرک تھی۔ لیکن موضوع نے کائناتی وسعت اختیار کر لی۔ اب صفحۂ قرطاس پر میرے قلب و جگر کے زخموں کا خون نہ تھا بلکہ موت و حیات کی حقیقت کا عمیق مطالعہ تھا۔ انقلابات و حوادثاتِ عالم پر ایک مفکرانہ نگاہ تھی۔ عقل اور جذبات آپس میں ہم آغوش تھے۔ اب میرے اپنے مصائب کا تذکرہ نہ تھا بلکہ عام انسان کی مجبوری اور بے چارگی کی المناک داستان تھی۔ "راحت" کی موت کا ذکر نہ تھا بلکہ اس موت کا ذکر تھا جو ازل سے ایک دبیز، سیاہ اور خوفناک پردے کی طرح آویزاں ہے جس کا خوف ابتدائے آفرینش سے انسان کے دل کو لرزا رہا ہے۔ جس کے اسرار آج تک سربستہ ہیں جس نے لاتعداد انسانوں کے قلب و جگر کو اپنے بے رحم تیروں سے چھید ڈالا جس کی بے محابا یورشوں سے اولادِ آدم کی آنکھوں سے آنسوؤں کے کتنے ہی سمندر بہ نکلے۔ اس دور کی شاعری میں ایک خوف آمیز "تحیر" ایک یاس انگیز پریشانی اور ایک دردناک نالہ ہے۔

راز عدم و وجود پایا نہ گیا ۔۔۔ یہ پردۂ مرگ و زیست اٹھایا نہ گیا
انکار بھی ہو سکا نہ مجھ سے ہمدم ۔۔۔ ایماں بھی مگر خدا پہ لایا نہ گیا

اس خوابِ پُر آشوب کی تعبیر نہ پوچھ ۔۔۔ اک حرفِ غلط ہے اس کی تفسیر نہ پوچھ

افسانۂ منصور ہے تجھے یاد نہیں! اسرارِ خدا و روح و تقدیر نہ پوچھ

دل خون ہوا ہے رنج سہتے سہتے آنسو دریا ہوئے ہیں بہتے بہتے
تاریکیِ شب یونہی رہے گی ہمدم سو جائیں گے ہم فسانہ کہتے کہتے

گل چوم کے واہ واہ کی ہے میں نے کانٹا چبھنے پہ آہ کی ہے میں نے
رویا ہنس ہنس کے اور ہنسا رو رو کر یوں ختم شبِ سیاہ کی ہے میں نے

اک بحرِ پُر آشوب ہے ساحل کے بغیر دیوانۂ مضطرب سلاسل کے بغیر
کیا کہئے یہ کائنات کیا ہے اِرشادؔ اک قافلۂ برق رو ہے منزل کے بغیر

اس عالمگیر فنا پر غور کرتے ہوئے میں نے سوچا کہ آخر "بقا" کس چیز کو ہے! ہر ایک شے کی ایک میعاد ہے اور اس کے بعد فنا کی تاریکی۔ انسانی تاریخ میں کیسے کیسے اربابِ کمال پیدا ہوئے۔ کیسے کیسے حسن و جمال کے روح افروز مظاہر اس تاریک دنیا کو روشن کرتے رہے۔ کیسے کیسے عقل و دانش کے پیکر معرضِ وجود میں آئے کیسے کیسے شہنشاہانِ جبروت اس خاک سے سربلند ہوئے اور پھر کیسے کیسے حق پرست اولیا اور انبیاء نے اس کرۂ زمہریر کو اپنی مسیحا نفسی سے گرمایا۔ لیکن ہر ایک اپنے اپنے مقرر وقت پر موت کے تاریک پردے کو چھوتا ہوا عدم کی سرحدوں میں داخل ہو گیا اور پھر واپس نہ آسکا اُن کے اجسام ذرّوں میں تبدیل ہو گئے۔ ایسے ذروں میں جن کی پہچان اب انسانی نگاہ کے لئے ناممکن ہے۔ لیکن اربابِ حق و صداقت کی یاد آج تک زندہ ہے۔ کروڑوں انسان آج بھی اُن کے ذکر پر جذبۂ احترام سے اپنی گردنیں جھکا دیتے ہیں۔ کروڑوں فرزندانِ آدم آج بھی اُن کی

عزت وحریت پر اپنے خون کا آخری قطرہ بہا دینے کے لئے طیار ہیں، وہ زندہ ہیں اور زندۂ جاوید ہیں "وقت" کے سمندر کی موجیں سیلابِ فنا بن کر عجیب محشر برپا کر رہی ہیں ان کے نام فولاد سے زیادہ مضبوط چٹان کی طرح قائم و دائم ہیں فطرت نے اُن کے نام اس قلم سے لکھے جس سے لوحِ محفوظ کے نقوش تیار ہوتے ہیں۔ اور روشنائی انہوں نے اُس کے لئے ایک ایک ستارے سے اس کی روشن ترین شعاعیں حاصل کیں، سورج سے زندگی بخش حرارت کا جوہر لیا، چاند سے اُس کی رنگین ترین کرنیں بہم پہنچائیں، گوہر سے چمک اور بہار کی صبح سے اس کا سارا تبسم چھین لیا وہ زندہ ہیں اور اُن کی غیرفانی روحیں موت کی ناکامی پر متبسم ہیں۔

میں نے سوچا کہ ان غیرفانی انسانوں کا کیا مابہ الامتیاز تھا جس کی قوت سے انہوں نے "فنا" کو سرنگوں کر دیا۔ معلوم ہوا کہ ان مبارک ہستیوں نے اپنی زندگیاں حق جوئی حق گوئی اور حق پرستی میں صرف کر دی تھیں۔ ان کے خاکی پیکروں میں محبت کے لازوال آفتاب چمک رہے تھے۔ ان کی رگوں میں ابدی زندگی کا خون موجزن تھا۔ وہ نیکی کے نور میں ملبوس تھے حُسن، حق اور نیکی ازلی اور ابدی ہیں۔ فنا کے جھونکے ان قندیلوں کو بجھانے کے لئے ابد تک ترستے رہیں گے۔

انہیں ایام میں مجھے مہاتما گاندھی کی آپ بیتی پڑھنے کا اتفاق ہوا۔ اس کے ساتھ ہی کونٹ ٹالسٹائی کے سوانح حیات بھی نظر سے گزرے۔ مجھے اس امر کا نہایت مسرت کے ساتھ اعتراف ہے کہ ان دونوں کتابوں اور شخصیتوں کا میرے افکار و کردار پر نہایت صالح اثر پڑا۔ اس دور کا رنگ یہ تھا۔

ہنگامۂ روح و جاں ہے حق کی مستی — سیلِ ہمہ بے کراں ہے حق کی مستی
گو تلخ ترین ہے حق کی مے اے ہمدم! — خوش باش کہ جاوداں ہے حق کی مستی

حق آشنا و حق آگاہ و حق پرست ہوں میں
کہ ایک میکش خمخانۂ الست ہوں میں
وہ رند ہوں کہ رہا بے نیاز بادہ و جام
نثار جس پہ ہوں سو میکدے وہ مست ہوں میں

ہر شے ہے فنا پذیر جز جلوۂ حق
ہر نغمہ ہے شورِ خام جز نغمۂ حق
ہر کیف و سرور کا ہے انجام خمار
بے رنج و غمِ خمار ہے بادۂ حق

لب پر ترے نعرۂ صدائے حق ہو
ہر قول و عمل ترا برائے حق ہو
باطل ہے یہ بت خانۂ اسباب مجاز
اے دوست تو بندۂ خدائے حق ہو

ساتھی جھوٹے ہیں سب کے سب حق کے سوا
ہوتا ہے کسی کا کوئی کب حق کے سوا
اے دوست نہ چھوڑنا کبھی دامنِ حق
ہر چیز ہے بے ثبات جب حق کے سوا

میں اس سے قبل عرض کر چکا ہوں کہ اقبال کے کلام کے ساتھ مجھے بچپن سے ہی لگاؤ رہا ہے۔ متذکرہ بالا محرکات کے ساتھ ساتھ اقبال کا اثر بھی جاری تھا۔ لیکن اس کے اثرات میری شاعری میں اتنے نمایاں نہ تھے۔ اب پھر میں نے اس کی ایک ایک کتاب کو حرف بحرف پڑھنا شروع کیا اور اس کی نظم کی کتابوں کے علاوہ اس کے چھ انگریزی لیکچروں کا بھی عمیق مطالعہ کیا اب جبکہ مغربی فلسفہ بھی میرے پیش نظر تھا۔ اقبال کا فلسفۂ حیات سمجھنے میں مجھے زیادہ آسانی ہو گئی۔ برگسان کے مطالعہ سے اقبال کے نظریاتِ شاعری زیادہ روشن ہوتے تھے۔ اور اقبال کے مطالعہ سے برگسان کا فلسفہ زیادہ واضح ہوتا تھا۔ اس میں کچھ شک نہیں کہ اقبال کی شاعری مشرقی حکماء اور شعراء سے بھی متاثر ہوئی ہے لیکن اقبال نے اپنا فلسفۂ حیات مرتب کرنے میں برگسان اور نیٹشے کے بہت

سے اثرات قبول کئے ہیں۔

اقبال کے خاکی پیکر کے اندر جذبات کا ایک بحرِ ذخّار موجزن ہے۔ اس کے فلک پیما تخیل کی کمند کائنات کے گوشے گوشے پر پھیلی ہوئی ہے۔ زندگی کے اسرار اس کی چشمِ بصیرت پر روشن ہیں اس کی شاعری آفتابِ بہار کی طرح سرچشمۂ حیات ہے۔ وہ ہمارے انتہائی شریفانہ جذبات کو بیدار کرتا ہے۔ ہماری رُوحوں کے لئے حیاتِ ابدی کا ایک پیغام ہے۔ وہ درماندہ اور افسردہ دلوں میں برقِ عمل دوڑا دوڑا کر ان کو کشاکشِ زندگی کے لئے تیار کرتا ہے۔ وہ افراد کو ان کی اولوالعزمانہ عظمت سے آگاہ کرتا ہے اور اقوام کو آزادی کی حرارت سے گرماتا ہے۔ اقبال کی شاعری رزمگاہِ ہستی میں ایک نعرۂ مردانہ ہے۔ اس کے سینے میں خالدؓ اور طارقؒ کی روحیں بے چین ہیں۔ اس کا مطمحِ نظر شوکتِ سنجر اور فقرِ بایزید بسطامی ہے۔ وہ حکومتِ الٰہی کو قائم کرنا چاہتا ہے۔ وہ حکومت جہاں حق وصداقت کا بول بالا ہو، جہاں مزدور کی گردن سرمایہ دار کے آہنی پنجہ سے آزاد ہو۔ جہاں افراد اپنی اپنی روحانی نشو ونما میں آزادی کے ساتھ مصروف ہوں اور جہاں دنیا مجموعی طور پر اپنی ملکوتی قوتوں کے بروئے کار لانے میں سرگرم ہو۔

اقبال کی شاعری کے کئی پہلو ہیں جن میں سے دو نہایت واضح اور جامع ہیں۔ اس کی شاعری کے ایک پہلو میں حیاتِ اجتماعی کا فلسفہ ہے یہ اسلام کے عروج و زوال کی ایک خونچکاں داستان ہے۔ لیکن اس کی شاعری کا یہ حصّہ ان عالمگیر حقائق ومعارف کا حامل ہے جن میں ہمیں قوموں کے عروج وزوال کے حقیقی اسباب نظر آتے ہیں۔ فلسفۂ اقوام کو واضح کرنے کے لئے اقبال نے اس قوم کو مثال کے طور پر لیا ہے جس کا وہ خود بھی ایک فرد ہے۔ ظاہر ہے کہ اقبال کا یہ انتخاب نہایت ہی مناسب اور صحیح ہے۔ اقبال کی یہ شاعری جس

درد و خلوص، سوز و گداز اور جوش و خروش سے معمور ہے وہ صرف اسی صورت میں ممکن تھا کہ وہ اپنی ہی قوم کی تاریخ کو اپنی شاعری کا موضوع قرار دے۔ اس لئے اگرچہ اس کی یہ شاعری صرف اسلام اور مسلمانوں کے لئے وقف ہے تاہم یہ اس لحاظ سے کائناتی اور عالمگیر ہے کہ ہر ملک و قوم اور ہر زمانہ کے ارباب بصیرت کے لئے اس میں عبرت و موعظت کے دفتر پنہاں ہیں۔

اقبال کی شاعری کا دوسرا پہلو انفرادی اور کائناتی حیات ہے۔ اس کا موضوع صرف حیاتِ انسانی ہی نہیں بلکہ وہ زندگی ہے جو کائنات کے پیکر کے اندر ایک بے قرار موج کی طرح تڑپ رہی ہے۔ یہ دونوں موضوع ازلی اور ابدی ہیں اور حق یہ ہے کہ اقبال نے اس رنگ میں اپنے شاعرانہ کمالات بہت زیادہ خوبی کے ساتھ دکھائے ہیں۔ خود دریابی، لذتِ پیکار، انسانی الوہیت، حیاتِ جاوید، معرکۂ حق و باطل، فلسفۂ خیر و شر، جبر و قدر، مردِ حق اور حکومتِ الٰہی کے مضامین کا نہایت پر زور، موثر، عمیق اور بصیرت افروز بیان ہے۔ اس میں کچھ شک نہیں کہ یہ مضامین اپنی نوعیت کے اعتبار سے بالکل نئے نہیں۔ لیکن ازلی اور ابدی چیزوں کو نیا یا پرانا کہنا ہی مہمل ہے۔ یہ مضامین وقت اور مقام کی قید سے بالا ہیں۔ ہر زمانہ اور ہر ملک میں اربابِ فکر کی توجہ کا مرکز رہے ہیں اور رہیں گے۔ اقبال کا طغرائے امتیاز یہ ہے کہ اس نے ان تمام مسائل کو انتہائی دلکش اور موثر انداز سے پیش کیا ہے۔

اقبال کی شاعری کے دوسرے پہلو کے اثرات میری شاعری میں بہت نمایاں ہیں۔ اگرچہ میرے ان تصورات کے اور بھی ماخذ ہیں لیکن حقیقت یہی ہے کہ ان تصورات و تاثرات کا مرکزی ماخذ اقبال ہی ہے۔ ذیل کی رباعیات میں اقبال کے اثرات ظاہر ہیں۔

اے حاصلِ دہر! تجھ کو حاصل کی تلاش
اے بر لبِ ساحل! تجھے ساحل کی تلاش
تو خضر بھی منزل بھی رہِ منزل بھی
رہبر کی تلاش کر نہ منزل کی تلاش

جب ہمّتِ اہلِ دل سنبھل جاتی ہے
تقدیر سے تدبیر کی چل جاتی ہے
گر صدقِ طلب ہو اور شمشیرِ عمل
تقدیر بھی اے دوست بدل جاتی ہے

مردانِ خود آشنا ہیں ممتاز و بلند
پھیلی ہوئی دو جہاں پہ ہے ان کی کمند
ظاہر میں ہیں مشتِ خاک باطن میں ہیں نور
ذرّوں میں تجلّیوں سے خورشید ہیں بند

کچھ حق سے جدا نہیں ہیں مردانِ خدا
مجبورِ فنا نہیں ہیں مردانِ خدا
لاریب خدا کے دست و بازو ہیں یہی
ہر چند خدا نہیں ہیں مردانِ خدا

ملتا ہے یہ درد آشنا بن بن کر
غمہائے حیات کی دوا بن بن کر
ابلیسِ لعین کا اثر کیا کہیے!
آتا ہے یہی کبھی خدا بن بن کر

ہے خونِ جگر سے لالہ رو جلوۂ عشق
ہے دار و رسن بدوش ہنگامۂ عشق
عصیاں سے بہت بلند نیکی ہے مگر
نیکی سے بہت بلند ہے رتبۂ عشق

سرمایۂ افتخارِ آدم ہے یہی
جبریل یہی ہے اسمِ اعظم ہے یہی
ہے تیرے مقدر میں غمِ عشق اگر
خوش باش! کہ حاصلِ دو عالم ہے یہی

ہونے دے دل و جگر کا خوں ہونے دے
افلاک کی یورشیں فزوں ہونے دے
کٹتا ہے جو سر نیزا تو کٹ جائے آثرؔ
یہ حق کا علم نہ سرنگوں ہونے دے!

ہم حق کے لئے ہیں خوں بہانے والے
ہم اپنے ہی خوں میں ہیں نہانے والے
ہم موت و حیات سے ہیں بالا ای دوست!
ہم پرچم حق کے ہیں اٹھانے والے

ہے پیکرِ نور ابنِ آدم اب بھی
ہے بزمِ جہاں میں سب سے اعظم اب بھی
کونین ہوں اب بھی اس کے قدموں پہ نثار
ہو جائے اگر یہ حق کا محرم اب بھی

غالباً ۱۹۱۸ء کی بہار کی ایک شام تھی کہ سیر کے وقت ایک دوست کے پاس "گیتا نجلی" کا اردو ترجمہ دیکھنے کا اتفاق ہوا۔ اس سے قبل میں ٹیگور کے نام سے آشنا نہ تھا۔ کتاب کے آغاز میں ٹیگور کی ایک تصویر تھی جس نے مجھے بے حد متاثر کیا۔ وہ تصویر عمیق غور و فکر، والہانہ عبودیت، اور لطیف نغمۂ شوق و محبت کا مرقع تھی۔ ٹیگور کی شاعری کو اگر خطوط و رنگ کے ذریعے بیان کرنا چاہیں تو اس تصویر سے زیادہ موثر اور مبین مرقع طیار نہیں ہو سکتا۔ اس کے بعد میں نے ٹیگور کی بہت سی تصانیف کا مطالعہ کیا۔ اور "گیتا نجلی" اور "باغبان" سے تو مجھے بے حد شغف رہا۔ ان دونوں کتابوں کو مختلف اوقات میں کم و بیش پانچ چھ مرتبہ پڑھا ہوگا اور ہر بار اُن کے مطالعہ سے لذت اندوز ہوتا رہا۔

ٹیگور مسائل کا تجزیہ نہیں کرتا۔ خُدا اور انسان کے تعلقات پر فلسفیانہ نظریے پیش نہیں کرتا۔ خیر و شر اور جبر و قدر کی گتھیوں کو سلجھانے کی کوشش نہیں کرتا۔ بلکہ وہ فطرت کے حسین اور معصوم جلووں کی آغوش میں بیٹھ کر شوق و محبت کے روح افروز نغمے چھیڑتا ہے اور امن و راحت اور حسن و عشق کی ایک

دنیا آباد کرتا ہے۔ اس کی دنیا صبح کے لطیف تبسم، پھولوں کی مدہوش نکہت، بادِ نسیم کے رقصِ مسرت، آبشاروں اور جوئباروں کے وجد انگیز ترنم، شفق کی نظر افروز رنگینی اور رات کے پُرکیف سکوت سے مرکب ہے۔ موسیقی لطافت اور پاکیزگی شاعری کے جوہر ہیں۔ اس کے کلام میں عالمگیر محبت عالمِ وجد میں رقص کر رہی ہے۔ روح اس کی لطیف موسیقی کے جھولوں میں جھولتی ہے۔

ٹیگور کی یہ جملہ خصوصیتیں میری شاعری پر بہت حد تک اثر انداز ہوئیں۔ مناظرِ فطرت سے لذت اندوزی، عالمگیر محبت کا جذبہ، ذوقِ وجد و مستی اور الہامی شوق و عبودیت کے مضامین میں [illegible]ر کے اثرات جھلک رہے ہیں:۔

ہنگامۂ فصلِ گل ہے ہنگامۂ رنگ　　ہے بر لبِ رنگ سے رواں نغمۂ رنگ
میخانۂ رنگ ہے گلستانِ جہاں　　گل ساغرِ رنگ ہے صبا بادۂ رنگ

فطرت کا رباب ہو گیا ہے خاموش　　نغموں سے مگر ابھی فضا ہے بے ہوش
الہام کی کیفیت ہے طاری دل پر　　خاموشیِ شام ہے کہ پیغامِ سروش

جب آئینہ دل کا روبرو ہوتا ہے　　جلوہ تیرا ہی ہو بہو ہوتا ہے
یوں غرق مئے جمال ہو جاتا ہوں　　میں ہوتا کہاں ہوں، تو ہی تو ہوتا ہے

یارب! مجھے رشکِ طور کر دے　　سینے میں فروغ نور بھر دے ابھر دے!!
ہو جاؤں میں سجدہ گاہِ بزمِ امکاں　　سجدے کو مجھے تو اپنا در دے! در دے!!

اِک بحرِ سرور و نور ہے بادۂ عشق
بیگانۂ دو جہاں ہے دلدادۂ عشق
ہر چند ہے دو جہاں سے خوشتر لیکن
دشوار تریں ہے اے آنزجادۂ عشق

وہ مے ہو کہ دردِ عشق افزوں ہو جائے!
وہ نغمۂ شوق ہو کہ دل خوں ہو جائے!
ہے تیرہ و تار میری ہستی اے دوست!
تیرے رُخِ آتشیں سے گلگوں ہو جائے!

اِک مستی و بیخودی ہے اک کیف و سُرور
اِک جلوۂ نغمہ زا ہے اِک نغمۂ نور
کس عالمِ بے مثال میں ہوں یا رب!
ہستی سے بھی ہوں پرے عدم سے بھی ہوں دور

ہے صبحِ ازل کی گلفشانی تجھ سے!
ہے شامِ ابد کی نغمہ خوانی تجھ سے!
تیرا ہی ازل ہے اور تیرا ہی ابد
ہے بحرِ وجود کی روانی تجھ سے!

اے دوست میں جب بھی ہوش میں آتا ہوں
آغوش تری سے دور ہو جاتا ہوں
اُس کیف و سرور پر ہوں سو ہوش نثار
جس کیف و سرور میں تجھے پاتا ہوں

گذشتہ اوراق میں صرف چند مرکزی محرکات کا تذکرہ کیا گیا ہے حقیقت یہ ہے کہ مذکورہ بالا کتابوں اور شخصیتوں کے علاوہ اور بہت سی کتابیں اور شخصیتیں بھی میری زندگی اور شاعری پر اثر انداز ہوئی ہیں۔ لیکن ان کی تفصیل غیر ضروری ہے اور نہ اس کے لئے یہاں گنجائش ہے۔ بہرکیف اس مختصر تذکرہ سے اتنا یقیناً واضح ہو گیا ہوگا کہ میری شاعری کی ابتدا خیّام کے رنگ میں ڈوبی ہوئی تھی، بعد میں زاحت کی موت، گاندھی اور ٹالسٹائے کے مطالعہ اور اقبال اور ٹیگور کے زیرِ اثر میری شاعری نے ایک نئی کروٹ لی۔ میری رائے میں شاعری

کا مقصد تزکیۂ نفس ہے۔ بلند ترین شاعری وہ شاعری ہے جو ہماری ملکوتی قوتوں کو بیدار کرتی ہے اور ہمیں الوہیت کے مقام کے قریب تر لے جاتی ہے۔ یہی وہ شاعری ہے جس کو جزو پیغمبری کہا گیا ہے اور یہی وہ شاعر ہے جس کا مقام صرف پیغمبر کے بعد ہے۔ گزشتہ صفحات میں خیام کی شاعری پر تبصرہ کرتے ہوئے ہم نے "ذکرِ الٰہی" کے الفاظ استعمال کئے تھے۔ "ذکرِ الٰہی" کی باطنی صورت وہ وجد و مستی ہے جو فرد کو روحِ کائنات سے ہم آغوش کرتی ہے۔ یعنی فرد اپنے وجود پر احکامِ الٰہی کو اس طرح جاری کرتا ہے اور حق میں اس طرح جذب ہو جاتا ہے کہ اس کے لبوں پر نعرۂ "انا الحق" ہی "انا الحق" جاری رہتا ہے۔ "ذکرِ الٰہی" کی خارجی صورت "حکومتِ الٰہی" کا قیام ہے۔ "حکومتِ الٰہی" سے دنیا کا وہ نظام مراد ہے جو احکامِ الٰہی یعنی حق و صداقت اور عشق و محبت پر مبنی ہو۔ "ذکرِ الٰہی" کی باطنی دنیا آباد کرنے میں شاعر پیغمبر کا شریکِ کار ہے اور شاعر کی عظمت اتنی ہی زیادہ ہے جتنا وہ پیغمبر کے مقام کے قریب ہوتا ہے۔ "ذکرِ الٰہی" کی خارجی صورت یعنی حکومتِ الٰہی کا قیام صرف پیغمبر کا کام ہے۔ پیغمبر میں "ذکرِ الٰہی" کی دونوں صورتیں انتہائی حسن و جمال اور اعتدال کے ساتھ یکجا ہو جاتی ہیں۔ اس کی روح جذبۂ شوق و مستی کا ایک بحرِ بیکراں ہے اور اس کا بازو باطل کے لئے تیغِ اجل بن کر اٹھتا ہے "مردِ حق" یا "انسانِ کامل" کا تصور "ذکرِ الٰہی" کے دونوں پہلوؤں کو یکجا کرنے سے پیدا ہوتا ہے۔ اور ان دونوں پہلوؤں کا یکجا ہو جانا جہاں انسانیت کا آخری معراجِ کمال ہے وہیں نہایت ہی عسیر الحصول بھی ہے۔ حکومتِ الٰہی کے قیام کے بغیر روحانی کمالات کا مقام محض رہبانیت کا مقام ہے اور جذبۂ حق و صداقت اور عشق و محبت کے بغیر ہر ایک نظامِ حکومت محض ملوکیت، کشور کشائی بلکہ رہزنی اور قزاقی ہے۔

پس ہمارے نزدیک وہی بہترین ادب ہے جو انسانوں کو جذبۂ حق پرستی سے سرشار کر دے اور وہی بہترین انسان ہے جو نظامِ عالم میں احکامِ الٰہی کو جاری کرنے کی کوشش کرے۔ بہترین شاعری وہی شاعری ہے جو ہماری روحوں کو اس وجد و مستی سے آباد کر دے جس میں ہم حسنِ ازل سے ہم آغوش ہو جائیں جو ہمیں اس مقام پر پہنچا دے جہاں قطرہ سمندر میں مل کر سمندر کی غیر محدود وسعت اختیار کر لیتا ہے اور جہاں ذرّہ سورج میں جذب ہو کر خود بھی سورج بن جاتا ہے یہی ہے وہ مقام جس کو اسلامی تصوف میں فنا فی اللہ اور مہاتما گوتم بُدھ کی اصطلاح میں "نروان" کہتے ہیں۔

اثر صہبائی

ڈسکہ۔ ۱۵ر جنوری ۱۹۳۷ء

[illegible] پرنٹنگ پریس لاہور میں باہتمام کرامت علی مینیجر چھپا۔ اور شیخ عنایت اللہ مینیجر تاج کمپنی لمیٹڈ ریلوے روڈ لاہور نے شائع کیا۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

(۱) صحبت سے حوادث کا ملال سہیا
بارِ الم سے لطف انگیز سہیا
وہ زندہ دل ہو اور ہوا سے صبا کی
سیکھی ہوا سے تیغ تیز سہی

(۲)

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

---

(۳)

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

(۴)

بیجا ہے طلب زندگی کو پایا
آلودہ غم ہے خوشی کو پایا
ہستی ہے آرزو نیز زوال آیا
حیرت ہے بیخودی آگہی کو پایا

---

(۵)

لذت کش کاوش جانستانی ہو جانا
بیگانۂ راز جاودانی ہو جانا
ہستی عشق کا جاودانی ہے راز
پس عشق ہے جاودانی ہو جانا

(۶)

پیا کیا کیا نہ ہم نے اور ہمیں کیا کیا نہ ہوا
یہ قلب بیتاب ہے تسکیں بس نہ ہوا
ہر جتن کر کے فن بنا یہ سکھ
افسوس آرام ہی اب ہوا ، اب نہ ہوا

---

(۷)

تو ایسی کی جو ہر ، ستا سا نہ ہوا
پاکر ترے تیس بیکل نہ ہوا
پہنچی یہ ہیں ہم جہیں ہی بیاروں لی
افسوس کہ تیرا تیتا سا نہ ہوا

(۸)

آزادہ طلب سے کبھی خودی نہ ہوگا
بیتاب جہاں کا از خودی نہ ہوگا
دنیا سے عجب ہے یہی شکایت تجھ کو
افسوس اگر اپنا و دوست تو ہی نہ ہوگا

---

(۹)

ناکامئ زندگی سے ڈرنا کیسا
ہنگامۂ پیکار سے گھبرانا کیسا
زندہ ہے اگر تیشۂ سی تسکین کیوں
پیوستہ ہے پشیری سے مرنا کیسا

(١٠)

اے شعلۂ برقِ ازل شمعِ محفل ہو جا
تاریک ہے گیتی تابانیٔ ساحل ہو جا
دل حاصلِ تسکینِ زندگانی ہے اگر
ناشاد کے جا کے پھر کسی کا دل ہو جا

---

(١١)

بے تابیٔ ہستی کا ماحصل نہ ملا
پیرو ہوں گم گشتگانِ منزل نہ ملا
دنیا میں جہاں ہے با آسودگیٔ دل
بحرِ غمِ زندگی کا ساحل نہ ملا

(۱۲)

باقی نہیں کچھ بھی داغِ حسرت کے سوا
کیا حاصلِ زیست جز جہالت کے سوا!
اُٹھا اُٹھا کے روز و شب ہزاروں طوفاں
اب کچھ نہیں رہ گیا ندامت کے سوا

---

(۱۳)

اے غرقِ گناہ! اے پشیمانِ حیات
ہے یاس سے چاک چاک دامانِ حیات
جب پھول سے نکہت ہی جدا ہو جائے
کیا حسرتِ معصیت ہیں سامانِ حیات

(۱۴)

چو دل از دست بشد [illegible] بی سود

به نگاهی [illegible] لب [illegible] تقوی بی سود

[illegible] طالع [illegible] ایمان بی بار

یار [illegible] عشق و [illegible] زور و زر بی سود

---

(۱۵)

دو دو [illegible] که [illegible] بی [illegible]

ای [illegible] روح [illegible] باد بدهند

[illegible] نگاه [illegible] پای و فنا

[illegible] باد بدهد

(١٢)

اے کاش ہوس نہ ہو کہ ہوس کی تلاش
اے بے بس ساحل نہ کر ساحل کی تلاش
ڈھونڈ تو منزل ہی پہ منزل ہی
بے منزل کی تلاش بے منزل کی تلاش

---

(١٣)

اے کاش فروغ نور ہو جائے ترا دل
تا ایک تجلی طور ہو جائے ترا دل
یہ حسن ازل کا آئینہ ہو جائے
یا آئینۂ ہو ہو جائے ترا دل

(۱۸)

تیرے تیر سے دل کا قرار لیا ہے

بنا تیری نگاہ و ترے جس خوانی سے

نگاہ میرے ار تیرے ستی ایا ہے

اب جام میرے از زندگانی سے

(۱۹)

بچھڑے ہیں سچ ستی بھلا ہیں

جب کانہ خار ہو دہ ستی بھلا ہیں

تجھ زلف جمال چاہو والا ہی بھلا ہی

صبا کی ہیں خنی ان پستی بھلا ہیں

(۳۰)

ہنگامۂ شباب غرقِ عصیاں ہیں ہم
پیری میں رہینِ دردِ زوال ہیں ہم
پیری ہے شکستہ ہے کہ ہیں کی وزد پامال
ہیں لیکن ہمیں بھی پشیماں ہیں ہم

---

(۳۱)

اے مرغِ چمن گلستاں جوانی میں ہیں
یا وصفِ بلا کے تاک سے ان کی ہیں
شیئار طرب ہیں یا ہمیں غم ہے دہرا
انجام زمانہ ہے فانی میں ہیں

(٢٢)

[illegible]

(٢٣)

[illegible]

٢٤

بیگانۂ عقل و ہوش ہو جاتا ہوں
طوفانِ ہجوم و جوش ہو جاتا ہوں
تقدیر کو تماشا ہوں ہنگامۂ ہست
جب سجدہ‌گہ ہوں خموش ہو جاتا ہوں

(٢٥)

بیگانۂ ہوش ہوں کہ مستانہ ہوں میں
ہوں عالمِ خواب میں کہ بیدار ہوں میں
فطرت کی سمجھ میں نہ آیا ان کو دیکھو
میں بندہ ہوں کہ میرا ہستی ہی ہوں میں

(٣٦)

ہر چند سلسلہ مکافات بھی ہیں
یہ وجہ تسلیت و فتح کمالات بھی ہیں
بے دید و بھی عزم ثبت بھی بات
دنیا میں مگر کچھ اتفاقات بھی ہیں

(٣٧)

کس سعی بلیغ پر جنت کا حصول ممکن ہی نہیں
کس جادۂ گمرہ و شناسائے منزل ممکن ہی نہیں
کس خاطر حیراں کو تمنا سے سکوں
اس نحو حیات کا وصال ممکن ہی نہیں

(۲۸)

چه دولت است بدین سینه‌ای است عیان تا باشد
دل بیند نه بی‌سینه نهان تا باشد
سبب عقل و نگاه است که بین وصل و فرقت
سبب دیگر جهان بود است که عیان تا باشد

(۲۹)

الطاف که رسید بس ترسا بین
بستانه رطب بس سود بخشی ما بین
میخانه و بت پرستی بین و نا بسته کیان
جام جم و بزم کلم آلوده ما بین

۱۲

ہے غنچۂ نرگس تشنۂ دیدار ساقی
بیٹھے ہیں کیا کیا آئے کمال ساقی
سب رنگ پیری ہیں رونق ہے
تیار کی ہے جام کی آرزو جوان ساقی

---

(۳)

ہے رونق چمن تری ہستی ابھی
ہے شاہد کی کیسی ہستی ابھی
لگتی ہے بہت کیسی آئی شراب
ہے دو دن جوانی کا اس کی مستی ابھی

(۳۲)

کس نقطۂ موہوم سے ہستی تیری
لیکن ہے عجیب خود پرستی تیری
چھوڑا اُجاڑ کے اقلیم وجود پستی نے اُڑا
جا بے کہیں بیت بستی تیری

---

(۳۳)

کیا رنگ لیا تیری ہستی نے ہوا
کیا یاد ہو صد تیری قصے سے ہوا
اندیشہ آخر جا ہے کہیں کھل جائے
تقدیر سے تمام قصہ ہی ہوا

(٣٤)

مستانه شتابان ز چمن سوی می

ای دوست بکش عشرتش بلبلی

بیچاره چو کبک با لب گشت و پر یار

یاران که بهشت بنیاد زمینی داری

---

(٣٥)

آتش که بهار بیش ساغر آتش

میخانه بدوش و گل بدامان آتش

ای کعبه نشاط کعبه جهان پیمانه

با عشرت و در دل زاهدان زحمان آتش

(۳۰)

صہبائے الست کی مستی پائی
میخانۂ جاوداں سے مستی پائی
مجھ کو بھی دکھا دے سے یہیں ابداروں
اے پیر ابھی جو مجھ میں آئی مستی پائی

---

(۳۱)

ہم دور کی ہو جب کہ ہو دیدار نہ ملے
کیا چارہ اگر ہو ہستی کا سامان نہ ملے
آئینہ نیا ان در سے ان میں ہے اثر
کیا کیجئے جب کہیں بھی ایمان نہ ملے

(۳۸)

رشکِ جم و کَے ہے مستی میری
وہ مست ہوں کہ جاوداں ہے ہستی میری
معراج ہے از غفراں ہے عرش سراسر مری
میخانۂ رنگیں و ابد ہے بستی میری

(۳۹)

اے کاش ابد ایک ہی تنہا ہوتا
ہر سینہ فروغِ دیں سے سینا ہوتا
لذت کشِ جامِ عشق ہوتا ہر دل
بیگانۂ ذوقِ جام و مینا ہوتا

(۴۰)

یہ وقت نہیں ہے کہ سرِ دار ہو پھول کے لئے
کیوں وقت ہے کہ مرنے کو قاتل بھول کے لئے
مینا کا بھی ہے اب یہ چلو دو ہیں سے ازل
زنّار ہے عجیب ہے اب یہ تکا بھول کے لئے

---

(۴۱)

پیمانہ بدوش فصلِ گل آئی ہے
غم ہے زینت کی خزاں آئی ہے
پرتو ہے کہ ہے مستی کا اثر
پرتو ہے کہ زینت گلزار جہاں آئی ہے

(٣٢)

بے ذوقِ سخن بگذرانی ہیچی

سرمایۂ لطف و شادمانی ہیچی

تقدیر کہ است آنچہ پیش ما معلوم

بیجا ہمہ عمل آنکہ زندگانی ہیچی

---

(٣٣)

صبا بن زلفِ تست آنکہ کمی شانہ کرے

ہر تلخی زہرِ غم گوارانہ کرے

ہمہ جز تو حیات است کہ ملک بہ حیات

بی تیغ غم زندگی کس پیدا نہ کرے

(٢٤)

بکذری سی کلی سی بحی سبتی

نیر ابلی الی سی کلی سی بیتی

سعو با سی کیجی سی عوه سی بی

سردن سی بهی سی کهکی سی صتی

---

(٢٥)

ای عی سی بتی سی روی روی

سرد عی سی دانده وه کوه و صوتی صوتی

بارتی سی ثابی عمی سی کهی سی دو

بعوبا سی کی بهی دودی سی دو

(۴۶)

ہمراہ یہ کارواں لئے جا رہے ہیں
کیا مجھ کو گلستاں لئے جا رہے ہیں
کس کشتیِ آوارہ بعنوانِ طوفاں لئے جا رہے ہیں
معلوم نہیں کہاں لئے جا رہے ہیں

۴۷

غم راس کے لئے ہے اور یہ غم کے لئے
کیوں نفسِ ابن مریم سے سے بھی سعد
اے زخمِ دل سے سے بھی
عیسیٰ کی مرہم کے لئے

(٢٨)

تعریف گناہ کیا ہے اجرت کیسی

دوزخ کیسا ہے اور جنت کیسی

ہے بیری کی زباں بیتی کی فاتی عمل

ہے نیکی کا اور [illegible] کیسی

(٢٩)

بینا ہے گناہ سے تری ادا

انسان کہ گناہ سے تری ادا

جنت نہ [illegible] آہ بیشی تھی تھی تاثیر

ہے دل آہ آہ سے تری ادا

(۵۰)

وہ ساز طرب کی نغمہ خوانی نہ رہی
وہ حسن نہ رہا وہ جوانی نہ رہی
ٹکٹکی سی لگی ہے آنکھیں نمناک
زندہ ہوں مگر وہ زندگانی نہ رہی

---

(۵۱)

تھی عقل و خرد کی تھی فراوانی بھی
کچھ بھی نہ ہوئی کم یہ نادانی بھی
کرتا ہی رہا گناہ بھی تا دم زیست
ہوتی ہی رہی ساتھ پشیمانی بھی

(۵۲)

زبہر آرزو پیچ جب تابعدان
چھوٹی مکھی آرزو کچ جب تابعدان
دیکھا ہے نراسا بھئی جب امید
امید چھوٹی چھوٹی جال دلی جا تابعدان

(۵۳)

تیسیں جب جوتن لگا ساں بہہ گئی
نینن ورس جب سنا بھول بہہ گئی
انجان جب لا ندکاں سیتل بھئی
چپ تا نہ جب آنسو بہہ گئی

(۵۴)

راز عالم و وجود پایا نہ کبھی
پردہ کو ذرا بھی اٹھایا نہ کبھی
انکار بھی ہم نے کیا نہ جب سے ہرگز
ایمان بھی لیکن اس پہ لایا نہ کبھی

(۵۵)

اس خواب کا راز ہی ملا نہ مجھے نہ تجھے
یہ حرف غلط ہو اس کو سمجھے نہ مجھے نہ تجھے
افسانہ منصور ہے یاد ابھی
اسرار ازل اور وہ ملے نہ تجھے

(۵۶)

آنکھیں نگراں ہیں اور نگاہیں بے نور
بے تاب ہے دل مگر ہے بے ذوق و سرور
زندہ تو ہوں سوزِ زندگانی ہی نہیں
ہیں طور تو ہوں مگر ہوں بے شعلۂ طور

(۵۷)

انسان ہزار سے کھٹکتا ہی رہا
تسکین کی تلاش میں بھٹکتا ہی رہا
ہر پھول میں خار تھا تو ہر نوش میں نیش
تا زیست یہ خارِ غم کھٹکتا ہی رہا

(۵۸)

دل خون ہوا ہے رنج سے سیتی
جز اشک و دیا ہے سے میں نہیں بیتی
یاد کی شب ابو ہی نے رنگ سے بیتی
سو جا میں نے آہ سے بیانہ کیتی

---

(۵۹)

اخلاص و وفا کی جب بجتی ہے
الفت کی ضیا کی جب بجتی ہے
جب آہ کے زندہ و زندہ ہوتے طاقت بن
کچھ جھوٹ صفا کی جب بجتی ہے

(٦٠)

جانے کیا دل کو آرزو سی ہے
اس کو اپنی ہی جستجو سی ہے
خود ساقی ہے خودی بادہ خودی ساغر
اس خیال میں عجیب ہاؤ ہو سی ہے

---

(٦١)

دل مست ہے تیری آرزو سا ہے
سب پہ ویدو جستجو سا ہے
ہیں یہی جمال کو یقین مثال سا ہے
کاشانہ دل میں تیری تو سا ہے

(۶۲)

[illegible] بتی ہے

[illegible] ہے

[illegible] زبانوں میں

[illegible] ہے

---

(۶۳)

[illegible] ہے

[illegible] ہے

[illegible]

[illegible] ہے

(۲۴)

ایسا ہی رہا ہے گلا اور ایسا ہی رہا ہے
دل کو ہم تلاش و تماشا کیسا ہی رہا ہے
یہ کیا ہوا کہ وہ کب سے ہوا اور کیوں نہ ہوا
ہے وہ کہ دیدہ و دل میں اُٹھتا ہی رہا ہے

۲۵

دل رنج جہاں ہے جیسے ویرانہ ہے
اُجڑا ہے بس کہ بستی سے بیگانہ ہے
یہ دل نہیں بستی ہے الگ ہر دل سے الگ
زنداں ہی ہے اک ہے کوئی دیوانہ ہے

(۱۶۶)

جب ترے سے دل کا درد ہوتا ہے
جلوہ یہ ہے اس کی بو ہوتا ہے
یوں غرق ہے آج جمال ہوتا ہوں
یہ ہوتا کہاں ہوں اس کا ہوتا ہے

---

(۱۶۷)

خود بیں ہے کوئی جلوہ آرا ہوے
کھلا ہے بہار میں ہویدا ہوے
آتش ہے یہیں جھلک ہاں آتش کا جمال
دنیا کے جمال میں نہیں میں جمال

(٦٨)

وہ جو بری کا روپ ہے نہ درشن جیکا
کافر ہوا سیاہ بادل غم سے
نعمان سے بیں آرتیا جاری بارہ
کیا دون جو خزانہ لطف ابرو سو

(٦٩)

صحرا وچن سے بیں لگتا ہی کیب
طم جادہ زنبک کو لگتا ہی کیب
مشتاق لیا لقش سے آنند بن بن کس
سلطان سے یہ اودھا بہا ہی

OSMANIA UNIVERSITY LIBRARY HYDERABAD-7

(۲۰)

کل جو پیر سے واہ واہ کی آپ نے

کانٹا چبھتا ہے آہ کی آپ نے

رو دیا ہنس ہنس کے اور ہنسایا رو رو کے

پایا چھپ چھپ کے سیاہ کی آپ نے

---

(۲۱)

آگر وہ سے روز اور تقدیس بھی ہیں

کیا بتاؤں تجھ سے بیٹھے رہے ساتھ ہیں

یہ بلند بیٹھیں اک کے بیٹھیں پاس روز

رقص وہ بیٹھیں تختیں اور بیٹھیں فاقو

(۴۲)

جب جلوۂ دوست روبرو ہوتا ہے

دل وقف جنون تپش آرزو ہوتا ہے

ہوجاتی ہے بند یہ زباں گویا

[illegible] گفتگو ہوتا ہے

---

(۴۳)

یہ موت و حیات کیا ہے معلوم نہیں

صبح کیا ہے رات کیا ہے معلوم نہیں

کیا چیز حیات تھی جو آئی تھی

اولاد صفات کیا ہے معلوم نہیں

(۴۴)

اے جذبۂ پُرشور ہے ساحل سے زنجیر
دیوانۂ مضطر ہے سلاسل سے زنجیر
کیا ہے اے کائنات کیا ہے بتا یہ
اے قافلہ بین رو ہے منزل سے زنجیر

(۴۵)

قیصر سے نہ اس کی عظمت و جاہ سے بڑھ
نظارہ میں نصیب آگاہ سے بڑھ
بلبل ہے یہاں شیفتۂ شیشہ بدن
دنیا ہے کہ آراستہ تو اللہ سے بڑھ

(٤٦)

یار نے ہم کو تیکھی نظروں سے گرا دیا

سینے میں سو طرح کا نیا داغ جلا دیا

بیچارا دل ہمیں ہے گاہ بہ گاہ ابتلا

بیٹھے ہے ہم کو اپنا وہ دیدار دے دیا

---

(٤٧)

ہم دوش فرشتہ ہوں نقش ملک سے کرتا ہوں میں

اسرار ازل کو فاش کرتا ہوں میں

کچھ حال ہے اور ساتھ شیشہ

ہم کل کرتا ہوں شیشے کو توڑ کر

اس شیشہ گر کو شیشہ کرتا ہوں میں

U 1066.

(۴۸)

اب روح میں عشق کا وہ کرب بھی نہیں
وہ سوز وہ گرمیٔ تپش بھی نہیں
اب شغل آہ و نگاہ کیا کیا کہئے
پہلی سی اثر وہ روح وہ جذب بھی نہیں

---

(۴۹)

کیا پوچھتے ہو کہ وہ کہاں ہیں آج
